| گروپ فرسٹ | SSC ( Part - I ) | 01 - 58000 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| سیشن (2020 - 22) to ( 2021 - 23 ) | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC-A-2022 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

﴾ ہدایات ﴿ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

## حصہ اول

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

### حصہ نظم

(الف) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ب) جسے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(ج) ہیں اس ہوا میں کیا کیا برسات کی بہاریں — سبزوں کی لہلہاہٹ ، باغات کی بہاریں

(د) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

### حصہ غزل

(الف) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ب) رُخ و زُلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اُجالے میں رویا کیا

(ج) عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے۔ دو انتظار میں

## حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10) = 5+5

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا ، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امرا و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ ان کے مکان پر آتے تھے ، یہ بھی ان کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) آپ سب کچھ سمجھ جائیں گے ، یہ کوئی معمّا نہیں ہے۔ سُنیئے ! جیسا کہ آپ جانتے ہیں ، آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے انہیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس ، قلاش اور گمنام مصور ہوں۔

Result.pk

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10) = 2 x 5

(i) ہجرت کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ شہر سے مخاطب ہو کر کیا فرمایا؟ (ii) سرسید کے علمی وادبی رسالے کا نام کیا تھا؟

(iii) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟ (iv) سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

(v) کتّا باورچی خانے کے پاس کیوں بہت مسرور رہتا ہے؟ (vi) اگر شجر کی ڈالی ٹوٹ کر الگ ہو جائے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(vii) شاملِ نصاب " نعت " میں شاعر نے کس آرزو کا اظہار کیا ہے ؟ (viii) مطلع کی تعریف بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کابلی (ii) قدرایاز (5)

سوال نمبر 6 نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر 7 مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ (10)

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 8 تاریخ پاکستان کے موضوع پر اُستاد اور طلبا کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

یا

" جھوٹ کی سزا " کے عنوان سے کہانی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) علی نے خط کو لکھا۔ (ii) دل نے چاہا تو ضرور کھیلوں گا۔ (iii) اختر نے طالب علم پڑھایا۔

(iv) طارق نے اخبار کو خریدا۔ (v) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) آپ آئے ---------------- (ii) غریب کی جورو سب کی ----------------

(iii) یہاں کا باوا آدم ہی ---------------- (iv) ماروں گھٹنا پھوٹے ---------------- (v) اپنے منہ میاں ------------

☆☆☆☆☆

04-04-2022